| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ڑ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف ا تا ذ کا تلفظ صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ڑ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ڑ' ہے یہ حروف تہجی پندرھواں حرف ہے اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ڑ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ڑ' کے ذخیرہ الفاظ (رکشہ، رسی، ریچھ، ریل گاڑی، روٹی، رات اور رومال) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے بچوں کو حرف 'ڑ' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ریچھ کی تصویر دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کون سا جانور ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ریچھ جنگلی جانور ہے اسے ہم گھر پر نہیں رکھ سکتے۔ ریچھ پودے اور جانور کھاتے ہیں۔ بچوں کو حرف 'ڑ' کی کٹ آؤٹس دی جائیں گی۔ بچوں سے 'ڑ' کی کٹ آؤٹس میں رنگ بھروایا جائے گا اور 'ڑ' کی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا 'ڑ' کے اوپر کوئی نقطہ آتا ہے 'ڑ' کون سے حرف کے بعد آتا ہے۔ | 20 منٹ | حرف 'ڑ' کٹ آؤٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ر‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ر‘ کی پہچان کرسکیں‘۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو ’ر‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’ر‘ کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ر‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ’ر‘ کی نظم سنائی جائے گی۔<br>چھک چھک چھک دھواں چھوڑتی خوب سواری لے جاتی ہے<br>کالا انجن لال ہیں ڈبے ہٹو ریل گاڑی آتی ہے ہٹو ریل گاڑی آتی ہے | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 36 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے کہا جائے گا۔ کہ حرف ’ر‘ پر انگلی پھیریے۔ حرف ’ر‘ سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور ’ر‘ کی آواز بار بار دہرائی جائے گی۔ بچوں کو دو ٹوکریاں دی جائیں گی جن میں اشیاء کے فلیش کارڈ ہوں گے۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف ’ر‘ کی اشیاء کے فلیش کارڈ نکال کر دوسرے ٹوکری میں رکھیں۔ سب بچوں سے انفرادی طور پر یہ سرگرمی کرائی جائے گی۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ نمبر<br>36<br>دو ٹوکریاں<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>(اتار) | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ریل گاڑی، رسی کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>دیئے گئے حروف میں ’ر‘ کے گرد دائرہ لگائیے۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ر' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ر' کی پہچان کرسکیں'۔اس کی صوتی آواز اوراس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے چار ) بتاسکیں۔ | دہرائی:<br>حرف 'ر' کا تلفظ، اس کی آواز اوراس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔'ر' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5منٹ | | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔حرف ر' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ر' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | تعارف:<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ر' کی کہانی سنیں گے۔<br>روحان اور رضیہ کو بہت بھوک لگی تھی۔انھوں نے امی سے پوچھا کہ رات کے کھانے میں کیا ہے؟امی نے بتایا کہ دال روٹی ہے اور ساتھ میں امی نے مزیدار رائتہ بھی بنایا ہے۔دونوں نے خوب مزے سے روٹی اور رائتہ کھایا کھانے کے بعد دونوں نے بیٹھ کر اپنے کام میں رنگ بھرنے لگے۔ | 10منٹ | فلیش کارڈ | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں دن اور رات کا منظر ہوگا بچوں سے پوچھا جائے گا کہ جب رات ہوجاتی ہے تو ہمیں آسمان پر کیا نظر آتا ہے؟ آسمان کا رنگ کیسا ہوجاتا ہے؟ بچوں سے رات کے منظر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے مختلف سوالات کیے جائیں گے مثلاً وہ رات کا کھانا کھاتے ہیں؟ رات کو دادی امی سے کہانی سنتے ہیں۔ | 20منٹ | ورک شیٹ رنگین پنسلیں | |
| | اختتامیہ:<br>بچوں سے روٹی اور رائتہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ر' | دن: | چوتھا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ر' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کوئی سے سات اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ر' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'ر' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے 'ر' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ر' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ر' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ر' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے روٹی، رات اور رومال کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ایک دن پہلے رومال لانے کا پیغام دیا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ رومال کا استعمال کتنا ضروری ہے۔ مثال کے طور پر کھانا کھانے کے بعد ہمیں اپنے ہاتھ رومال سے صاف کرنے چاہییں۔ چھینک آنے پر منہ کو رومال سے ڈھانپ لینا چاہیے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ رومال کو صحیح طریقے سے طے کر کے کیسے جیب میں رکھا جاتا ہے۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 37 کھولنے کو کہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ دانت کی ابتدائی آواز کیا ہے؟ بچوں کو 'ر' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ر' پر درست بناوٹ کے ساتھ پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 37 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ریچھ، رومال کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ر' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ر' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کوئی سے سات الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ر' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>حرف 'ر' کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کون سا حرف ہے۔ بچوں کو پلے ڈو دے کر حرف 'ر' بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ر' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام کرسکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ر' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور 'ر' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ر' پر پینسل پھیریے۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>20 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>پلے ڈو<br>کاپی ورک | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ر' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ر' کی نشاندہی کرنے پر۔ |